© rasailojaraid.com

ارباب فکر ونظر کی جانب سے ڈاکٹر شکیل اوج کی کتاب نسائیات اور ان کی دیگر کتب پر لکھے جانے والے تبصرے اور خطوط آئندہ شمارے میں شائع کئے جائیں گے۔

نسائیات

پر اہل فکر و دانش کے تبصرے

۷ فروری ۲۰۱۳ء

سپریم کورٹ آف پاکستان، اسلام آباد

محترم پروفیسر صاحب۔ السلام علیکم

آپ کی کتاب "نسائیات" (چند فکری و نظری مباحث) چیف جسٹس آف پاکستان جناب جسٹس افتخار محمد چوہدری صاحب کو موصول ہو چکی ہے۔ جس کے لئے وہ آپ کے تہ دل سے مشکور ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کی کاوش قبول فرمائے، اس کتاب کو عوام الناس کے لئے ہدایت کا ذریعہ بنائے اور ان کیلئے اللہ اور اللہ کے رسول کی اطاعت میں معاون و مددگار ہو۔

اس موقع پر جناب چیف جسٹس صاحب آپ کے لئے نیک خواہشات اور تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔

آپ کا خیر اندیش

چوہدری عبدالحمید

(اسٹاف آفیسر ٹو چیف جسٹس آف پاکستان)

جسٹس (ریٹائرڈ) ڈاکٹر جاوید اقبال

(سابق جج، سپریم کورٹ آف پاکستان)، (سابق چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ)

(سابق چیئرمین سینیٹ آف پاکستان)

۱۷ مارچ ۲۰۱۳ء

جناب پروفیسر محمد شکیل اوج صاحب۔ السلام علیکم

آپ کی ارسال کردہ تصنیف نسائیات مجھے موصول ہو گئی۔ میری طرف سے بہت بہت شکریہ قبول فرمائیے۔ میں نے ابھی اسے سرسری نظر سے دیکھا ہے کتاب میں مباحث نہایت اہم ہیں۔ میرا خیال ہے اسے عدالتوں کی لائبریریوں میں موجود ہونا چاہیئے تاکہ جج صاحبان ازدواجی مسائل حل کرنے کی خاطر اس کتاب سے رہبری حاصل کر سکیں۔

زمانہ نہایت تیزی سے بدل رہا ہے۔ نئے تقاضوں سے عہدہ برآ ہونے کیلئے اجتہادی سوچ کے فروغ کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے۔

خیر اندیش

ڈاکٹر جاوید اقبال

© rasailojaraid.com